# کفر وارتداد اور جاہلیت کے مقابلے میں اجنبی اور نامانوس بندے۔

## ﴿مقدمہ﴾

ان الحمد للّٰہ نحمدہ و نستعینہ و نستغفرہ و نستھدیہ ، و نعوذ باللّٰہ من شرور أنفسنا و سیئات أعمالنا ، من یھدہ اللّٰہ فلا مضل لہ و من یضلل فلا ھادی لہ ، و نشھد أن لا الہ الا اللّٰہ وحدہ لا شریک لہ ، و نشھد أن محمدا عبدہ و رسولہ ﷺ ۔

نبی اکرم ﷺ کو اللہ تبارک وتعالی نے اپنے دین کی تبلیغ اور نصرت کیلئے ایک نبی اور رسول کی حیثیت سے منتخب کر کے بھیجا۔ اور ابتداء میں باطل اور اسکے لشکر کے مقابلے کیلئے ان کے ساتھ ''اجنبی اور غیر مشھور'' ایک مٹھی بھر جماعت کو بھی چنا۔تو وہی لوگ امتحان و آزمائش میں بہترین طریقے سے فائز و کامران رہے ۔ نبی اکرم ﷺ اپنے اصحابؓ کے مقتدا اور امام تھے ۔اور وہی لوگ بعد کے لوگوں کیلئے مقتدا اور امام ہیں ۔اور ہاں یہ وہی صحابہ کرامؓ ہیں ۔جن کیلئے شریعت مطہرۃ میں یہ اصول مقرر کئے گئے ہیں ۔کہ انکی قدر و تعظیم اور احترام کی جائیگی ۔اور انکے راستوں پہ چلنا ہوگا۔اور انکے طریقوں کو اپنانا ہوگا۔ایک صحیح حدیث میں نبی اکرم ﷺ کا فرمان ہے۔

تم پر لازم ہے ۔ کہ میری سنت اور میرے بعد ہدایت یافتہ خلفاء راشدین کی سنت کو مضبوطی سے پکڑو ۔ اور دین میں نئی باتوں سے بچنا ۔ کیونکہ دین میں ہر نئی بات بدعت ہے ۔ اور ہر بدعت گمراہی ہے ۔ (۱)

تو اللہ تعالی نے ان کے ذریعے سے پہلے جاہلیت وشرک کو زائل کیا ۔ اور جب ان کو زمین میں خلافت وتمکین دی ۔ تو انھوں نے اسکو عدل وانصاف اور نور ہدایت سے بھر دیا ۔ حالانکہ ان سے پہلے یہ زمین ظلم اور تاریکیوں میں ڈوبی ہوئی تھی ۔ تو یہی لوگ اللہ تعالی کی اسی تعریف اور جزاء کے مستحق ٹھرے ۔ جس طرح اللہ تعالی کا فرمان ہے ۔

و السابقون الأولون من المهاجرين و الأنصار و الذين اتبعوهم باحسان رضى الله عنهم و رضوا عنه و أعد لهم جنات تجرى تحتها الأنهار خالدين فيها أبدا ذلك الفوز العظيم ۔

ترجمہ: تو یہ شریعت کے پکے اصول میں سے ہے ۔ کہ اس دین کا استحکام و اتمام صرف اسی وقت ہوگا ۔ جب اللہ تعالی اپنے مؤمنین بندوں کی آزمائش اور امتحان لے ۔ اور نبی اکرم ﷺ ہمیشہ اپنے صحابہ کرامؓ کو یہ واضح کرتے رہتے تھے ۔ کہ امتحان و آزمائشات یہ اللہ تعالی کا قانون ہے ۔ اور یہ کبھی بھی ٹل نہیں سکتا ۔ اور وہ انھیں راہ حق کی سختی ودرشتی ، اور دین کے دوبارہ اجنبی اور نامانوس ہونے ، اور اجنبی اور نادار لوگوں کا دین کی حفاظت کرنے اور اسی رفاقت کو لینے کے بارے میں وضاحت فرمایا کرتے

تھے۔اور یہ انکے علاماتِ نبوتﷺ میں سے ہے۔جیسے نبی اکرمﷺ کا فرمان ہے۔

بدأ الاسلام غريبا و سيعود كما بدأ غريبا فطوبى للغرباء ۔

کہ ''اسلام کہ ابتداء اس حال میں ہوئی۔کہ یہ اجنبی (نامانوس) تھا۔اور عنقریب یہ پھر اسی طرح اجنبی ہو جائے گا۔جسطرح شروع میں تھا۔پس بھلائی کی خوشخبری ہے۔اجنبیوں کیلئے۔

تو ہم اللہ تعالیٰ کی توفیق وامداد سے ''اجنبیوں اور انکے طریقہ کار'' پر پانچ (۵) فصلوں میں روشنی ڈالیں گے۔

پہلی فصل۔ قدیم اور جدید اجنبیوں کی مشترک صفات۔انکے عزائم اور پاک نفوس کا مزاج اور طبیعت۔

دوسری فصل۔ انکے مقابلے میں قدیم وجدید جاہلیت وکفر کے علمبرداروں کی مشترک عادات۔

تیسری فصل۔ اجنبی مؤمنین کی جماعت پر آنے والے امتحانات اور وہ تجربے جو راہِ حق کے مسافر کرتے چلے آرہے ہیں۔

چوتھی فصل۔ اجنبیوں اور اہلِ حق پر آزمائشات کا آنا اللہ تعالیٰ کا قانون اور لازم اَمر ہے۔اور باطل کے مقابلے میں راہِ حق پر ہونے کی دلیل ہے۔اور مسلمانوں کی تربیت کے متعلق راہِ حق کی سختی ودرشتی اور اسکے مزاج پر کچھ تفصیل۔

پانچویں فصل۔ وہ خوشخبریاں اور بدلے جو اللہ تعالیٰ نے اجنبی اہلِ ایمان کیلئے

تیار کرر کھے ہیں۔

ہم ہمیشہ نبی اکرم ﷺ کی احادیث اور پھر عصر حاضر کے تجارب کے مطابق مندرجہ بالا موضوعات پہ روشنی ڈالیں گے۔

اللہ تعالی سے دعا ہے۔ کہ وہ ہمیں اپنے اقوال و اعمال میں اخلاص نصیب فرمائیں۔ مؤلف۔

## پہلی فصل۔ قدیم وجدید نامانوس لوگوں کے ارادے اور عزائم اور انکے پاک اور سچے نفوس کا مزاج۔

(۱) ۔ اجنبی لوگ وہ لوگ ہیں۔ جو اپنے خاندانوں سے جدا اور نامانوس ہوں۔ امام احمدؒ نے اپنی مسند میں اور سنن ابن ماجہ میں ایک حدیث نقل ہے۔

عن عبد اللّٰہ بن مسعود رضی اللّٰہ عنہ ۔ قال ۔ قال رسول اللّٰہ ﷺ ان الاسلام بدأ غریبا و سیعود کما بدأ فطوبی للغرباء قیل و من الغرباء قال النزع من القبائل ۔(٤)

حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔ کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ اسلام کے ابتداء اس حال میں ہوئی۔ کہ یہ اجنبی (نامانوس) تھا اور عنقریب یہ پھر اسی طرح ہو جائیگا۔ جس طرح شروع میں تھا۔ پس بھلائی کی خوشخبری ہے۔ اجنبیوں کے لیے۔ اور امام طبرانی نے اپنے معجم میں یہ حدیث نقل کی ہے۔

عن عبد اللّٰہ بن عمرو ۔ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ ۔ طوبی للغرباء ،

قلنا و ما الغرباء ۔ قال قوم صالحون قلیل فی ناس سوء کثیر ، من یعصیھم اکثر ممن یطیعھم ۔

ترجمہ۔حضرت عبداللہ ابن عمروؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ کہ خوشخبری ہے۔اجنبیوں کے لئے۔ہم نے سوال کیا۔کہ اجنبی کون ہیں۔تو فرمایا۔ کہ وہ ایسے لوگ ہونگے۔جو برے لوگوں کی کثیر تعداد میں کم ہونگے۔اور انکی مخالفت اور نافرمانی کرنے والے زیادہ ہونگے۔بنسبت ان کے حامیوں کے۔

صاحب معانی لاۤ خبار لکھتے ہیں۔کہ جب یہ بات ہے۔تو یہ مؤمنین نبی اکرم ﷺ کے زمانے کے مؤمنین کی طرح ہونگے۔کیونکہ انہوں نے اپنے قبیلے سے بغاوت کی ہوگی۔اپنے اہل وعیال مال اور وطن سے جدا ہو کر ہجرت کی ہوگی۔اللہ اور اسکے رسول ﷺ پر سچا ایمان لایا ہوگا۔اور اسلئے تو اللہ تبارک وتعالی نے فرمایا ہے۔( یؤمنون بالغیب ) یعنی جولوگ مغیبات پر ایمان لاتے ہیں۔انکی مدح سرائی کی گئی ہے۔

**(۲) وہ لوگ اجنبیت، دین کو مظبوطی سے پکڑنے، سلف صالحین سے مضبوط ربط رکھنے میں مشترک ہونگے۔**

امام بغویؒ اس آیت میں فرماتے ہیں کہ۔و ممن خلقنا امة یھدون بالحق وبہ یعدلون ۔

ترجمہ۔اور ہماری مخلوق میں ایک جماعت ایسی بھی ہے۔جو حق کے موافق

ہدایت کرتی ہے۔اور اس کے موافق انصاف بھی کرتی ہے۔حضرت عطاء ابن عباسؓ سے نقل کرتے ہیں کہ اس سے مراد امت محمد ﷺ ہے۔اور وہ مھاجرین اور ان کے احسن طریقے سے اتباع کرنے والے لوگ ہیں۔ اور قتادہؒ فرماتے ہیں۔کہ ہمیں نبی اکرم ﷺ سے یہ بات پہنچی ہے۔کہ جب وہ یہ آیت تلاوت فرماتے تو کہتے کہ یہ آیت تمہارے لئے ہے۔اور تم سے پہلے ایک قوم کو بھی دی گئی تھی۔و من قوم موسٰی اُمۃ یھدون بالحق و بہ یعدلون ۔

اور حضرت معاویہؓ سے روایت ہے۔کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا۔کہ میری اُمت کی ایک جماعت ہمیشہ حق پر قائم رہے گی۔کہ مخالفت کرنے والے کی مخالفت اور یا رسوائی اُنہیں کوئی نقصان پہنچا نہ سکے گی۔یہاں تک کہ قیامت آجائے۔اور وہ اس طرح حق پر ہونگے۔(۷) امام ابن حجرؒ فتح الباری میں لکھتے ہیں۔کہ امام احمدؒ دارمی طبرانی نے ابو جمعہ سے ایک حدیث نقل کی ہے۔کہ ابوعبیدہؓ نے فرمایا کہ یا رسول اللہ ﷺ ہم سے اچھا بھی کوئی ہوگا۔ہم تمہارے اوپر ایمان لائے۔تمہارے ساتھ جہاد کیا۔تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ تمہارے بعد ایک قوم آئے گی۔جنہوں نے مجھے دیکھا نہیں۔اور مجھ پر ایمان لائینگے۔یہ حدیث شریف حسن ہے۔اور حاکم نے اسے صحیح کہا ہے۔تو اس سے ثابت ہوتا ہے۔کہ پہلی صدی بہترین صدی تھی۔کیونکہ مؤمنین کفار کی کثرت کی وجہ سے اجنبی تھے۔اور انہوں نے دین کو مضبوطی سے پکڑا۔اور مصیبتوں اور تکلیفوں کو برداشت کر کے صبر فرماتے رہے۔اور اسی طرح آخری

صدی میں بھی جب مؤمنین دین کو مضبوطی سے پکڑ کر اس کو قائم رکھیں گے۔ اور اطاعت اور فرمان برداری کر کے مصیبتوں پر صبر کرینگے۔ جبکہ گناہوں اور فتنوں کی برمار ہوگی۔تو اس وقت وہ لوگ بھی اجنبی اور نادار ہونگے۔ اور انکے اعمال بھی اس زمانے میں پاک وصاف ہونگے۔ جس طرح صحابہ کرامؓ کے تھے۔ جس طرح ابوہریرۃؓ سے امام مسلم نے اپنے صحیح میں ایک روایت نقل کی ہے۔(۸)

بدأ الاسلام غریبا و سیعود غریبا کما بدأ فطوبی للغرباء۔

جس کا ترجمہ پہلے گزر چکا ہے۔

**(۳) یہ جماعت فاتح وغالب اور نہ ختم ہونے والے قتال فی سبیل اللہ کرنے والی ہوگی۔**

اور اس لئے نبی اکرم ﷺ نے ایک حدیث میں انکی ایسی صفت بیان فرمائی ہے۔

عن عمران بن حصین ان النبی ﷺ قال لا تزال طائفة من امتی یقاتلون علی الحق ظاهرین من ناواهم حتی یقاتل آخرهم المسیح الدجال۔ (۹)

ترجمہ۔حضرت عمران ابن حصینؓ سے روایت ہے۔کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ میری امت کی ایک جماعت حق کیلئے لڑتی رہے گی۔ اور اپنے دشمنوں پر غالب رہے گی۔یہاں تک کہ ان کے آخر والے مسیح الدجال سے قتال کرینگے۔

اور ابن کثیرؒ نے اپنے تفسیر میں ایک حدیث نقل کی ہے جو پہلی گزر چکی ہے۔(۱۰)

(لاتزال طائفة من امتی الخ )

امام نوویؒ فرماتے ہیں ۔ کہ حضرت جابر بن عبد اللہؓ سے روایت ہے ۔ کہ میں نے نبی اکرم ﷺ سے سنا ۔ کہ میری امت کی ایک جماعت حق کے لئے لڑتی رہی گی ۔ اور قیامت تک غالب رہے گی ۔ تو جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام اتر ینگے تو کہا جائے گا ۔ کہ تمہارا امیر آجائے ۔ اور ہمیں نماز پڑھائے ۔ تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائینگے ۔ کہ نہیں یہ اس امت کا اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف اعزاز واکرام ہے ۔ کہ یہ لوگ اپنے درمیان ایک دوسرے کے امراء ہیں ۔ (۱۱)

اور ابن ابی خاتم کہتے ہیں ۔ کہ شیبان نے قتادہ سے (قل ان ھدی اللہ ھو الھدی) کے تحت نقل کیا ہے ۔ کہ نبی اکرم ﷺ یہ فرماتے تھے ۔ کہ (لاتزال طائفة الخ )(۱۲) تو یہ احادیث اس چیز پر دلالت کرتے ہیں ۔ کہ یہی فاتح جماعت ہے جسکی نبی اکرم ﷺ نے تعریف کی ہے ۔ ان کے مندرجہ ذیل شرائط ہیں ۔

(۱) ۔ کہ یہ لوگ اللہ کے راستے میں دین کے غلبے کیلئے جہاد وقتال کرینگے ۔ اور فاتح وغالب رہینگے ۱۳ ۔ (۲) ۔ یہ جماعت ہمیشہ اس دنیا میں موجود رہے گی ۔ اور قیامت تک ختم نہیں ہونگے ۔

(۳) ۔ یہ لوگ حق پر قائم رہینگے ۔ اور سلف صالحین اور قرآن وحدیث کے متبعین ہونگے ۔ یہ لوگ غالب اور فاتح رہینگے ۔

تو خلاصہ یہ نکلا ۔ کہ یہ جماعت فاتح وغالب قتال کرنے والی قرآن وحدیث

کا اتباع کرنے والی اور نہ ختم ہونے والی ہوگی۔ تو اگر کوئی جماعت جو نیک کاموں میں شریک ہو۔ لیکن قتال فی سبیل اللہ کرنے والی نہ ہو۔ اور یہ دعویٰ کرے۔ کہ یہ حق جماعت ہے۔ تو انکا دعویٰ غلط ہوگا۔ اس بات کو ملحوظ رکھیں۔

**(۴) ان اجنبی لوگوں کے پکے ارادے اور عزائم ان کے سچے اور پاک نفوس اور عہدو پیاں اور اپنے وعدے پورا کرنے والے دل۔**

کفر وارتداد اور جاہلیت اور اس کی خباثتوں کے مقابلے میں ہمیشہ سے یہ اجنبی اہل ایمان اپنے دین کی نصرت کرتے ہیں۔ اور اپنے رب کے ساتھ کئے گئے وعدے پورا کرتے ہیں۔ اور اس دین سے باطل کے حملے پسپا کرنے میں صبر واحتساب سے کام لیتے رہے۔

اصحاب تفسیر المیسر (من المومنین رجال صدقوا ما عاھدو اللہ علیہ فمنھم من قضیٰ نحبہ ومنھم من ینتظر و مابدلوا تبدیلا) لکھتے ہیں۔ کہ،

مومنین میں سے ایسے لوگ جنہوں نے اپنے رب کیساتھ وعدے کئے۔ اور وعدے پورے کئے۔ اور بیماریوں، فقر، مصیبتوں اور لڑائی کے اوقات میں صبر کیا۔ تو ان میں سے بعض نے تو اپنی نذر پوری کی۔ اور اللہ کے راستے میں شہید کئے گئے۔ اور یا انہوں نے وفا اور سچائی کی حالت میں وفات پائی۔ اور ان میں سے بعض فتح یا شہادت جیسی عظیم ترین چیزوں میں سے کسی ایک کے منتظر ہیں۔ تو نہ تو انہوں نے اللہ کے وعدے میں کوئی تغیر کی اور نہ اس کو توڑا۔ اور نہ اسے تبدیل کیا۔ جس طرح منافقین

نے کیا (۱۴) ۔ ان تمام احوال میں یہ لوگ بخوبی جانتے ہیں ۔ کہ ہم دین کی وجہ سے اپنے معاشروں میں اور اپنے خاندانوں میں اجنبی اور نا مانوس ہے ۔لیکن اللہ کے حکم سے ہم فاتح رہینگے ۔ اور مخالفین کی کثرت کے باوجود وہ ہمیں کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا ۔ کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے ہمیں قلیل لوگوں سے تعبیر کیا ہے ۔ جیسے فرمایا '' اجنبی اور نا مانو س '' '' ایک مٹی بھر جماعت ۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں ۔ کہ ایک قاضی نے فرمایا ۔ کہ اس حدیث شریف کی وضاحت یہ ہے ۔ کہ اسلام کی ابتداء بہت کم لوگوں سے ہوئی ۔ پھر اسلام دنیا پر چھا گیا ۔ اور پھر اسلام کی دعوت میں نقصان اور خلل واقع ہوگا ۔ یہاں تک یہ بہت کم لوگوں میں رہ جائیگا ۔ جسطرح ابتداء میں تھا (۱۵) ۔

تو جب تک یہ کم لوگ دین پر قائم رہینگے ۔ اور اللہ کی کتاب کی طرف ہر وقت متوجہ ہو کر اسکے ہر حکم کے ساتھ اسکی طرف مڑتے رہینگے ۔ تو اللہ تبارک وتعالیٰ انکے دشمن پر انکو فتح نصیب فرمائے گا ۔ انکا اپنے رب پر توکل کیوجہ سے اور ان کے سچے ایمان کی وجہ سے ۔ جس طرح امام مسلمؒ نے ایک حدیث شریف روایت کی ہے ۔

عن عقبة بن عامر قال سمعت رسول الله يقول ستفتح عليكم ارضون ويكفيكم الله فلا يعجز احدكم ان يلهو باسهمه ۔ (١٦)

کہ حضرت عقبہ ابن عامرؓ سے روایت ہے ۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ کہ بہت جلد تمھارے لئے زمین مفتوح کردی جائے گی ۔ اور اللہ تمہارے لئے کافی

ہوگا۔تو تم اپنے تیروکمان سے شغل مت چھوڑو۔

امام ابن قیمؒ زادالمعاد میں لکھتے ہیں ۔کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا فرمان ہے ۔ (یاایھا الذین آمنو اتقو اللّٰہ وکونوا مع الصادقین ) اے ایمان والوں اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔اور سچوں کے ساتھ رہو۔

تو اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو دو قسموں پر منقسم کیا ۔(۱) نیک بخت (۲)بد بخت ۔ تو نیک بخت وہ سچائی والے تصدیق کرنے والے ہو نگے ۔اور بد بخت جھوٹے اور تکذیب کرنے والے ہو نگے ۔اور اللہ نے یہ خبر دی ہے ۔کہ قیامت کے دن لوگوں کو صرف سچائی مفید ثابت ہوگی ۔اور منافقین کا علم اور ان کے تمام اقوال و انعال اوران کی ہر دعوت جھوٹ سے بھری ہوئی ہوتی ہے ۔تو جھوٹ کفر اور منافقت کا قاصد ہے ۔اوریہی جھوٹ ان کا دلیل رہبر سواری قائد زیور لباس بلکہ مغز ہے ۔اور سچائی اور صدق ایمان کا قاصد دلیل سواری ،رہبر ،قائد ،زیور ،لباس ،مغز ،بلکہ روح ہے ۔تو جس طرح شرک توحید کا متضاد ہے ۔تو اسی طرح جھوٹ اور کذب ایمان کا متضاد ہے ۔تو جھوٹ اور ایمان کبھی جمع نہیں ہوسکتے (۱۷)

تو ان کا ایمان طواغیت اور کفار ارض کے مقابلے میں بہت زیادہ قوی ہوتا ہے ۔اور اپنے رب کی نصرت کی امید ان کے دلوں میں پہاڑوں سے زیادہ مضبوط ہوتی ہے ۔اور وہ اپنے رب کی کتاب میں یہ آیت تلاوت کرتے رہتے ہیں ۔ ولینصرن اللّٰہ من ینصرہ ان اللّٰہ لقوی عزیز الذین ان مکنا ھم فی الا رض

اقامو الصلاۃ وآتو الزکاۃ وامروا بالمعروف ونھوا عن المنکر وللہ عاقبت الامور ۔

ترجمہ ۔ جو اللہ کی مدد کریگا اللہ بھی ضرور اس کی مدد کریگا ۔ بیشک اللہ تعالیٰ بڑی قوتوں والا بڑے غلبے والا ہے ۔ یہ وہ لوگ ہیں ۔ اگر ہم زمین میں انکے پاؤں جما دیں ۔ تو یہ پوری پابندی سے نمازیں قائم کریں ۔ اور زکوۃ دیں ۔ اور اچھے کاموں کا حکم دیں ۔ اور برے کاموں سے منع کریں '' تمام کاموں کا انجام اللہ کے اختیار میں ہے ۔ اور یہ لوگ یہ بات بخوبی جانتے ہیں ۔ کہ زمانہ بدلتا رہتا ہے ۔ اور جاہلیت کی تاریک رات زیادہ دیر تک نہیں رہے گی ۔

وتلك الايام نداولها بين الناس ۔ ترجمہ ۔ ہم ان دنوں کو لوگوں کے درمیان ادلتے بدلتے رہتے ہیں ۔

تو ان کے آباؤ اجداد کا یہ اعزاز ، کہ انہوں نے زمین کو عدل و انصاف اور نور ہدایت سے بھر دیا تھا ۔ وہ پھر آنے والا ہے ۔ اور اس میں کوئی شک نہیں ۔ کیونکہ ہمیں اپنے نبی ﷺ نے اس کی بشارت دی ہے ۔ اور اللہ تعالیٰ کا قانون اپنے مخلوقات میں جس طرح اللہ کا ارادہ ہو قائم ودائم رہے گا ۔ اور جس طرح اللہ چاہے گا ۔ وہاں دوام پکڑے گا ۔ تو ان اجنبی لوگوں کے دل اس ایمان ویقین سے بھرے ہوئے ہیں ۔

شاعر کہتا ہے ۔

کہ جب ہم نے زمین کے اقالیم کو فتح کیا ۔ تو اسکے بادشاہ ہمارے محکوم بن

گئے ۔لیکن جب ہماری بادشاہت کا اختتام ہوا۔تو بہت کم لوگ مصیبتوں میں ہمارے ساتھ رہے ۔اورہم جوق درجوق اکیلے خطرناک ترین مصیبتوں کا مقابلہ کرتے رہے ۔لیکن جب ہم نے اپنی مغلوبیت کوختم کرنے اورتاریک رات کا مقابلہ کرنے کیلئے اپنے دشمنوں پر وار کیا۔تو پھروہی غالب اورفاتح کامراں ہی رہے۔

## دوسری فصل

### قدیم وجدید جاہلیت اورکفروشرک کےدرمیان منافقت،جن کامقابلہ اہل ایمان غرباء اوراجنبی لوگ کرتے ہیں۔

اورلوگ یہ سوچتے ہیں ۔کہ جاہلیت کا زمانہ صرف وہی تھا۔جو اسلام کے ظہور سے پہلے تھا۔بس اس کے بعد ان کے ذہن سے یہ بات محوہوجاتی ہے۔کہ جب صحیح عقیدہ ختم ہو جائے ۔اورکمزور پڑ جائے ۔اورنظام شرعی اور اللہ کا قانون جس کے ذریعے معاشرے کے فیصلے ہوتے ہیں۔یہ معاشرے سے غائب ہو جائے ۔تو یہ وہی جاہلیت ہے ۔چاہے وہ پرانے زمانے کی ہو ۔یا اس زمانے کی ہو ۔چاہے وہ کسی دوسرے مقام پر ہو ۔یا اس مقام پر ہو۔جاہلیت وہی جاہلیت ہے ۔امام شوکانیؒ ۔ابن جریر، ابن المنذر، ابن ابی خاتم اور ابن مرویہ سے نقل کرتے ہیں ۔کہ حضرت ابن عباسؓ نے حضرت ابن خطابؓ کا مقولہ نقل کیا ۔کہ حضرت عمر ابن خطابؓ نے حضرت ابن عباسؓ سے پوچھا۔کہ جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے نبی اکرمﷺ کے ازواج مطہرات کے بارے میں آیت نازل فرمائی ہے۔

ولا تبرجن تبرج الجا هلية الاولى ۔

ترجمہ۔ ''اور قدیم جاہلیت کے زمانے کی طرح اپنے بناؤ سنگار کا اظہار نہ کرو''۔تو کیا یہ جاہلیت بس ایک ہی جاہلیت تھی ۔

تو ابن عباسؓ نے فرمایا۔کہ آپؐ نے یہ جو پہلی جاہلیت کے بارے میں سنا ہے ۔اسکا ایک دوسرا دور آخر میں بھی ہوگا۔

البتہ عصر حاضر کی جاہلیت کے بارے میں مکمل تفصیل، ان کی خباثتوں کا ذکر ، ان کا اظہار اور انکی گمراہی سید قطب شہیدؒ ( اللہ ان کو شہداء مقبولین میں قبول فرمائے ) نے بہترین طریقے سے کی ہے ۔سید قطب شہیدؒ فرماتے ہیں ۔کہ جاہلیت اولی کی سب سے اچھی تعریف اور توصیف حضرت جعفر ابن ابی طالبؓ نے کی ہے ۔کہ وہ حبشہ کے بادشاہ نجاشی کو تقریر میں کہتے ہیں ۔جب قریش نے اپنے چند قاصد نجاشی بادشاہ کے سامنے بھیجے ۔کہ صحابہ کرامؓ اور مہاجرین ہمارے حوالہ کردو ۔تو امام احمدؒ نے اپنی سند میں ایک حدیث جعفرؓ سے نقل کی ہے ۔کہ اے بادشاہ ہم پہلے اہل جاہل تھے ۔ بتوں کی پوجا کرتے تھے ۔اور مردار کھاتے تھے ۔اور فواحش اور بے حیائی کے اعمال کرتے تھے ۔اور اپنے رشتہ داروں سے تعلق کاٹتے تھے ۔اور اپنے ہمسایوں سے برا سلوک کرتے تھے ۔اور ہم میں سے قوی اور مضبوط لوگ ضعیف لوگوں سے کھاتے تھے ۔

اسی طرح وہ آثار جن سے ہمیں جاہلیت اولیٰ کے معاشرے کے بارے

میں کچھ معلومات ملتی ہیں۔ جو حضرت عائشہ صدیقہؓ کی حدیث شریف میں ہیں۔ جو بخاری نے روایت کی ہے۔ کہ وہ جاہلیت کے نکاح کے متعلق فرماتی ہیں۔ کہ وہ چار طریقوں سے ہوتا تھا۔ جب نبی اکرم ﷺ کی بعثت ہوئی۔ اور حق کا ظہور ہوا۔ تو جاہلیت کا نکاح ختم کیا گیا۔ اور موجودہ قسم کا نکاح باقی رہ گیا۔

پھر فرماتے ہیں۔ کہ جاہلیت وہی جاہلیت ہوتی ہے۔ اور ہر جاہلیت کی کچھ خباشتیں اور گندگی ہوتی ہے۔ کسی زمانے یا مقام کے ساتھ وہ خاص نہیں ہوتیں۔ جب کبھی لوگوں کا دل عقیدۂ الٰہی اور شریعت اسلامیہ سے اعراض کر گیا۔ اور لوگ اللہ کے قانون کے علاوہ شیطان کی راہ پر چلنے لگے۔ تو وہی جاہلیت بن گئی جو پہلے تھی۔ اگر چہ اس کی بہت سی صورتیں بن گئی۔ اور آج کل لوگ جاہلیت کے اس میدان میں اور اس دریا میں ڈوب رہے ہیں۔ یہ عرب کی جاہلیت کے دور سے مختلف نہیں۔ یا دیگر جاہلیت کے اوقات جو زمین میں گزر چکے ہیں۔ یہاں تک کہ اسلام نے اس جاہلیت کو پاک وصاف کیا۔ آج کل جو لوگ جس گمراہی میں زندگی گزار رہے ہیں۔ صحافت کو دیکھو، سینما اور فلموں کو دیکھو، لوگوں کے طور طریقوں کو دیکھو، لوگوں کے حسن و جمال کی چیزوں میں سابقت کو دیکھو، ڈانس اور رقص کی جگہوں کو دیکھو، شراب نوشی کی جگہوں کو دیکھو، ریڈیو کو دیکھو اور دیگر ادیبوں کے مریضانہ اور کم ذہن خیالات کو دیکھو، نشر اشاعت کو دیکھو، سود کے نظام کو دیکھو اور وہ چیزیں جو لوگ جمع کر رہے ہیں۔ خسیس اور بے قیمت چیزیں، فضول کام اور اسی طرح عہدوں پر دیکھو کہ کون کون فائز

ہیں۔اسی طرح قانون کو دیکھو۔اور لوگوں کے جنون کو دیکھو، معاشرے کے انحلال اور انتشار کو دیکھو، جو ہر نفس، ہر گھر، ہر نظام اور تمام معاشرے کو یہ خبر داری دیتے ہیں۔کہ یہ قوم وہی جاہلیت اولیٰ اور کفر وارتداد کی طرف لوٹ چکی ہے۔

## قرآن میں جاہلیت کا بیان۔

قرآن میں جاہلیت کی چار بنیادیں باتیں بتائی گئی ہیں۔

(۱) جاہلیت کے احکامات۔ (۲) جاہلیت کا گمان۔ (۳) جاہلیت کی بے پردگی۔ (۴) جاہلیت کی غیرت وحمیت۔

### (۱) ۔جاہلیت کے احکامات۔

یہ وہ ظالمانہ قوانین ہیں۔جو اسلام کے مقابلے میں مغرب زدہ حکمرانوں کی طرف سے لاگو کردئے گئے ہیں۔شیخ احمد شاکرؒ اس کی بہترین تفصیل بیان کرتے ہیں
۔

اے مسلمانو! تمام اسلامی ملکوں، علاقوں اور یا اسلام سے منسوب جگہوں پر تم دیکھو تمھارے نام نہاد خیر خواہوں یا ظالم عالمی استعمار نے تمہارے ساتھ کیا کردیا ہے۔جبکہ انہوں نے مسلمانوں پر ایسے قوانین نافذ کردئے ہیں۔جو گمراہ کن، اخلاق وآداب کو تباہ کردینے والے اور شریعت کی جڑ اکھاڑنے والے مشرکانہ انگریزی قوانین ہیں۔جس کی بنیاد نہ کوئی دین اور نہ کوئی شریعت ہے۔بلکہ اس کے قواعد ایسے کافر و مشرک شخص نے مرتب کئے ہیں۔جس نے اپنے زمانے کے رسول حضرت عیسیٰ علیہ

السلام پر ایمان لانے سے انکار کیا ہے۔اور شرک پر مصر رہا ہے۔اور فسق وفجور اور دین کے ساتھ استہزا تو اس کے علاوہ ہے۔

شیخ فرماتے ہیں۔کہ درحقیقت یہ قوانین ایک الگ دین کے ہیں۔جو کہ اسلام کے دشمنوں نے مسلمانوں پر لاگو کر کے انکے اصل پاک وصاف شریعت کو تبدیل کر کے ان کیلئے یہ ایک دین وشریعت بنا دیا ہے۔اور مزید یہ کہ انہی کفار نے اس کے احترام کو واجب قرار دیا ہے۔اور مسلمانوں کے دلوں میں اس کی محبت،تقدس اور اس کے لئے تعصب کو بھی ایک لازمی امر قرار دیا ہے۔یہاں تک کہ اس طاغوتی قانون کیلئے ایسے پاک اور احترام کے الفاظ کا استعمال کیا جاتا ہے۔جو کہ شریعت اسلامیہ اور فقہاء کی آراء کیلئے نہیں کیا جاتا۔بلکہ بہت سے انگریزوں کے ایجنٹ دور حاضر کے کتب ورسائل اور ماہناموں میں شریعت اسلامیہ کو (جمود،عصر حاضر کیلئے نامناسب ، قدیم روایات ،قدامت پرستی ،کہانت، جنگل کا قانون ) جیسے برے ناموں سے منسوب کرتے ہیں۔اور پھر ان کفری قوانین کو (جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی انسان نے وضع کئے ہیں )اور ان کی تعلیم وتعلم کو فقہ،فقیہ،شریعت،شریعت وضع کرنے والا وغیرہ وغیرہ جیسے ناموں سے یاد کرتے ہیں۔جو کہ دراصل علماء اسلام شریعت اسلامیۃ اور اسکے صاحب منصب علماء ربانیین کیلئے استعمال ہوتے تھے۔بلکہ یہاں تک کہ شریعت اسلامیہ اور ان کفری وطاغوتی قوانین کا موازنہ کیا جاتا ہے۔پھر آگے شیخ ؒ فرماتے ہیں!!!

کہ یہ دین جدید اور کفری قوانین مسلمانوں میں ایسے رائج ہو چکے ہیں۔ کہ انہی پر ان کے فیصلے کئے جاتے ہیں۔ اور انہیں بنیادی قواعد سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ان پر فیصلے کرنا باطل ہے۔ اور ملت اسلامیۃ سے خارج ہونا ہے۔ چاہے اتفاقی طور پر کچھ قوانین اسلام کے موافق ہوں۔ کیونکہ یہ موافقت اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول ﷺ کے حکم کے ماننے کی وجہ سے نہیں ہے۔ تو موافقت اور مخالفت دونوں گمراہی کے راستے ہیں۔ اور جو ان کفری قوانین پر عمل درآمد کرے گا جہنم اس کا ٹھکانہ ہوگا۔ تو مسلمانوں کو چاہئے۔ کہ ان قوانین پر کبھی بھی راضی نہ ہو۔ اور نہ ان کے بارے میں سستی و معاونت سے کام لیں۔ (۴۰)

شیخ السلام ابن قیمؒ اپنے قصیدۃ نونیہ میں لکھتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ذات کی قسم کھا کر ایمان کی حقیقت واضح کی ہے۔ کہ وہ آدمی مومن نہیں ہوسکتا۔ جو نبی اکرم ﷺ کے فیصلے کو قبول نہ کریں۔ بلکہ وہ آدمی بھی مومن نہیں۔ جو کتاب وسنت کے فیصلے کو کامل اور کافی نہ سمجھیں۔ بلکہ وہ بھی مومن نہیں۔ جو شریعت کے مطابق فیصلے کے بعد یہ اپنے دل میں کوئی تنگی، درشتی اور ناخوشی محسوس کرے۔ اور وہ آدمی بھی مومن نہیں ہوسکتا۔ جو شریعت کے مطابق فیصلے کے بعد مکمل تسلیم نہ ہو۔

## (۲) ۔جاہلیت کی بدگمانیاں

امام ابوحیانؒ۔ (یظنون با للّٰہ غیر الحق ظن الجاھلیۃ) ترجمہ۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ناحق جہالت بھری بدگمانیاں کر رہے تھے۔ کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔ کہ

جمہور کے نزدیک ظن الجاھلیۃ یہ ہے ۔کہ اسلام سے پہلے جاہلیت کا قدیم زمانہ ۔ جسطرح فرمایا۔حمیۃ الجاھلیۃ (ولا تبرجن تبرج الجاھلیۃ) اور جس طرح کہتے ہیں۔شعر الجاہلیۃ ۔

مقاتل فرماتے ہیں ۔کہ انہوں نے یہ گمان کیا۔کہ نبی اکرم ﷺ کا کام نیست ونابود ہونے والا ہے ۔زجاج کہتے ہیں ۔کہ یہ گمان کرنا کہ اس کی مدت ختم ہو چکی ہے ۔اور ضحاک ابن عباسؓ سے نقل کرتے ہیں ۔کہ یہ گمان کہ محمد ﷺ قتل کیے گئے ۔اور بعض نے کہا ہے ۔کہ جاہلیت کی بدگمانی یہ ہے ۔کہ انبیاء علیہ السلام اور شریعتوں کا انکار کیا جائے ۔بعض نے کہا ہے ۔کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی نصرت سے نا امیدی اور اللہ تعالیٰ کی مدد اور نصرت کے وعدے میں شک کرنا ۔اور بعض نے کہا ہے ۔کہ وہ یہ گمان کرتے ہیں ۔کہ کفار حق پر ہیں ۔اس لئے انکی مدد کی جاتی ہے ۔اور بعض نے کہا ہے ۔ کہ تقدیر کا انکار کرنا ۔(۲۲)

ابن قیمؒ زاد المعاد میں (ظن الجاھلیۃ) (جاہلیت کی بدگمانی) کی تشریح میں لکھتے ہیں ۔

کہ اللہ تعالیٰ نے جنگ احد میں مسلمانوں کے غم کا تدارک اور اسے کم کرنے کیلئے اور اسے ختم کرنے کیلئے ان پر ایک غنودگی سی طاری کی ۔اور یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک امن اور رحمت تھی ۔اور جنگ میں غنودگی کا نزول یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نصرت کی علامت ہوتی ہے ۔جس طرح جنگ بدر میں بھی اسکا نزول ہوا تھا

۔اور اللہ تعالیٰ نے یہ خبر بھی دی۔کہ جس شخص پر یہ غنودگی طاری نہ ہوئی۔تو اسے صرف اپنے نفس کو بچانے کی فکر تھی۔اسے رسول اللہ ﷺ اور اسکے اصحاب اور دین کی کوئی فکر نہ تھی۔اور یہی لوگ اللہ تعالیٰ پر ناحق بدگمانیاں کرنے لگے تھے۔اور اللہ پر ناحق بدگمانی یہ ہے۔کہ کوئی یہ سمجھے کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول ﷺ کی امداد و نصرت نہیں کرے گا۔اور اس کا کام تمام اور نیست و نابود ہو جائے گا۔اور اسے کفار کے حوالے کر کے قتل کیا جائے گا۔اور یا یہ سوچ کہ جو مصیبتیں ان کو پہنچی۔وہ اللہ تعالیٰ کی طرف مقرر کردہ نہیں تھی۔اور یا ان مصیبتوں میں کوئی حکمت الٰہی نہ تھی۔تو اللہ تعالیٰ کی حکمت، قضاء و تقدیر کا انکار ہو گیا۔اور اس کا انکار کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول ﷺ کے کام کو مکمل نہیں کریگا۔اور اس کے دین کو تمام ادیان باطلہ پہ غالب نہیں کریگا۔یہ وہی بدگمانی ہے۔جو مشرکین و منافقین اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے حق میں کیا کرتے تھے۔جسطرح اللہ تعالیٰ سورۃ الفتح (۶) میں فرماتے ہیں۔

ویعذب المنافقین والمنافقات والمشرکین والمشرکات الظانین باللّٰہ ظن السوء علیہم دائرۃ السوء وغضب اللّٰہ علیہم ولعنہم واعد لہم جہنم وساءت مصیرا۔

ترجمہ۔اور تاکہ ان منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے۔جو اللہ تعالیٰ کے بارے میں بدگمانیاں کرنے والے ہیں۔(دراصل) انہیں پر برائی کا پھیرا ہے۔اللہ تعالیٰ ان پر ناراض ہوا اور انہیں لعنت

کی ۔اور انکے لئے دوزخ تیار کی ۔اور وہ (بہت ) بری لوٹنے کی جگہ ہے ۔

تو یہی وہ ناحق اور برے گمان ہیں ۔ جو جاہلیت کے علمبرداروں کیطرف منسوب ہیں ۔اور یہ ناحق گمان اسلئے ہے ۔کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کے نیک ناموں اور اس کے اعلیٰ صفات کمالیۃ اور اس کے تمام عیبوں سے پاک اور اس کے تمام برائیوں سے بَری ذات کے لائق نہیں ۔اور نہ اس کی عجیب وغریب حکمت اس کی حمد اور اس کیلئے الہٰ اور رب ہونے کے لائق ہیں ۔اور اس کے سچے ہونے والے وعدوں اور اس کے اپنے رسولوں کے ساتھ نصرت ۔اور یہ کہ انھیں وہ رسوا نہیں کرے گا ۔اور اسکے لشکروں اور جماعت کو کفار پر غلبہ دیا جائے گا ۔جیسے کلمات کے لائق بھی نہیں ۔جو شخص یہ گمان کرے ۔کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول ﷺ کی مدد نہیں کرے گا ۔اور اس کے دین کو کامل کر کے اسکا کام پورا نہیں کرے گا ۔اور نہ اس کی تائید اور اس کے ساتھیوں کی تائید کرے گا ۔اور نہ انھیں انکے دشمن پر برتری ،کامیابی وفتح ،اور غلبہ عطا کرے گا ۔اور اللہ تعالیٰ اپنے دین اور کتاب کی نصرت نہیں کرے گا ۔اور وہ شرک وکفر کو توحید پر اور باطل کو حق پر ہمیشہ غلبہ واستقرار دیکر توحید وحق کبھی پھر قائم اور ظاہر نہ رہ سکیں گے ۔تو اس شخص نے اللہ تعالیٰ پر بدگمانی کی ۔اور اس نے اللہ تعالیٰ کی طرف ایسی نسبت کی ہے ۔جو اسکے کمال ،جلال وشان ،صفات ،قدر کے لائق ہی نہیں ۔کیونکہ اس کی حمد وحکمت ،عزت وجلال اور الٰہیت ،اسکا انکار کرتی ہے ۔کہ اسکا لشکر حق اور جماعت حق ذلیل ورسوا رہو ۔اور اس کے دشمن مشرکین ہمیشہ غالب ومنصور رہیں ۔تو جس نے بھی اس پر

یہ بدگمانی کی ۔تو وہ نہ تو اللہ تعالیٰ کو پہچانتا ہے ۔ اور نہ اس کے اسم اور صفات کمالیہ کو ۔ اور اکثر لوگ اپنے اور دوسرے لوگوں کے بارے میں بھی اللہ تعالیٰ پر ناحق بدگمانیاں کرتے ہیں ۔تو ان بدگمانیوں سے صرف وہ آدمی بچ سکتا ہے ۔ جو اللہ تعالیٰ کو پہچانتا ہو ۔ اور اسکے اسماءوصفات اور لائق حمد وتعریف کو اور اس کی حکمت وبصیرت کو ۔تو جو شخص اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اسکے انصاف ورحم سے ناامید ہوا ۔ اور جس نے یہ سوچا ۔ کہ اللہ تعالیٰ اپنے دوستوں کو ۔ انکے محسنین ومخلص اور راہ راست پر ہونے کے باوجود عذاب دے گا ۔ اور وہ اپنے دوستوں اور دشمنوں کے ساتھ مساوی ویکساں طرز عمل اختیار کرے گا ۔تو انہوں نے اللہ تعالیٰ پر بدگمانی کی ۔ اور جس نے یہ گمان کیا ۔ کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی بیٹا یا اس کا کوئی شریک بھی ہے ۔ اور اسکی اجازت کے بغیر بھی اسکے ہاں کوئی سفارش کرنے والا ہے ۔ اور یا اسکے اور مخلوق کے درمیان کچھ واسطے بھی ہیں ۔ جو اسے لوگوں کی ضروریات پیش کرتے ہیں ۔ اور یا اس نے اپنے بندوں کیلئے کچھ اولیاء مقرر کئے ہیں ۔ کہ انکے ذریعے سے بندے اسکے ہاں تقرب حاصل کریں ۔ اور ان اولیاء کو وسیلہ بنائے ۔یا واسطے بنائیں ۔ ان سے دعائیں مانگیں ۔ اور ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرح محبت کریں ۔ اور ان سے ڈریں ۔ اور امیدیں وابستہ رکھیں ۔تو اس شخص نے تو اللہ تعالیٰ پر بہت ہی برا اور قبیح گمان کیا ۔ اور جس نے یہ گمان کیا ۔ کہ اس نے اپنے رسول محمد ﷺ پر ایسے دشمن مسلط کئے ہیں ۔ جو ہمیشہ اسے گھیرے ہوئے ہیں ۔ اس کی زندگی میں بھی اور اس کی موت کے بعد بھی وہ امتحان میں مبتلا ہے ۔ اور وہ دشمن اس

سے جدا نہیں ہو رہے۔ اور جب محمد ﷺ نے وفات پائی۔ تو انھوں نے خلافت پر قبضہ جما لیا۔ حالانکہ ان کیلئے اس کی کوئی وصیت نہیں کی گئی تھی۔ اور ان دشمنوں نے اہل بیت پر ظلم وستم کے پہاڑ ڈھائے۔ اور انکے حقوق سلب کر لئے۔ اور انھیں ذلیل ورسوا کیا۔ تو عزت وغلبۃ اور قہرمانی ہمیشہ اللہ تعالی محمد ﷺ اور اہل بیت کے دشمنوں کی رہی۔ حالانکہ انھوں نے کوئی گناہ یا جرم نہیں کیا تھا۔ یعنی اہل حق اور اولیاء اللہ مظلوم بنے رہے۔ اور اللہ تعالی انکے دشمنوں کے قہر وغلبے، غصب وحق تلفی کی نصرت پر قادر بھی ہے۔ اور اپنے لشکر وجماعت کو غلبہ دلوا بھی سکتا ہے۔ لیکن وہ انکی امداد ونصرت نہیں کرتا۔ اور نہ ان کے دشمنوں کو پچھاڑتا اور مغلوب کرتا ہے۔ بلکہ ہمیشہ ان کے دشمنوں کو غالب ہی رکھتا ہے۔ اور یا یہ گمان کہ اللہ تعالی اپنے اولیاء کی نصرت پر قادر ہی نہیں۔ اور انکے دشمنوں کے یہ کرتوت اللہ تعالی کی قدرت ورضاء مشیت کے بغیر ہوئے ہیں۔ اور پھر اپنے نبی ﷺ کے دشمنوں اور اسکے دین کو تبدیل کرنے والوں کو اسکی کے قبر کے ساتھ قبریں اور ہمسائیگی بھی دے دی۔ اور امت مسلمۃ نبی ﷺ اور ان کے دشمنوں پر ہر وقت سلام بھی کرتی رہتی ہے۔ یعنی ایسی بدگمانیاں جو شیعہ روافض کرتے ہیں۔ تو یہ بہت ہی بدترین اور قبیح ترین بدگمانیاں ہیں۔ جو وہ کرتے ہیں۔ اگر یہ لوگ کچھ بھی کہیں کہ اللہ تعالی انکی نصرت پر قادر ہے۔ یا اس پر قادر نہیں۔ کہ انھیں خلافت اور کامیابی عطا کردے۔ تو دونوں صورتوں میں یہ لوگ اللہ تعالی کی قدرت میں قدح اور نقص نکال رہے ہیں۔ اور اس کی حکمت اور حمد وتعریف میں چھیڑ خانیاں کر رہے ہیں۔

اور یہ سب کے سب اس پاک اور بے عیب ذات پر بدگمانیاں ہیں ۔تو اسمیں کوئی شک نہیں کہ جو شخص اللہ تعالی پر ایسی بدگمانیاں کرے گا ۔وہ اس کے ساتھ بغض بھی رکھے گا ۔اور ظاہر ہے ۔وہ اللہ تعالی کی مخالفت بھی کرے گا ۔ بلکہ اس سے بڑھ کر بدترین گمان یہ کیا ۔ کہ گرمی کی شدت سے پناہ حاصل کرنے کیلئے آگ سے التجاء واستغاثہ شروع کیا ۔تو کہا ۔ کہ گرمی کی شدت اللہ تعالی کی مشیت وارادے سے نہیں ۔اور نہ اس کو اس کے دفع کرنے کہ کوئی قدرت ہے ۔اور نہ اپنے اولیاء کی نصرت کرنے کی ۔ کیونکہ وہ بندوں اور مخلوقات کے افعال پر کوئی قدرت نہیں رکھتا ۔ اور نہ یہ اس کی قدرت کے تحت داخل ہیں ۔تو ان لوگوں نے اللہ تعالی پر اپنے مجوسی اور مشرکین بھائیوں کا سا گماں کیا ۔ اور ہر وہ آدمی جو باطل پرست ، کافر ، بدعتی ،قہر زدہ ، ذلیل ورسوا ہو گیا ہو ۔تو وہ اپنے رب پر اس قسم کی بدگمانیاں کرے گا ۔ انتہی ۔

## جاہلیت کی بے پردگی اور بناؤ سنگار

تو (تبرج الجاهلية) جاہلیت کی بے پردگی اس دور کے معاشرے کے فساد اور گندگی وخرابی کی ایک مثال ہے ۔جسمیں اہل جاہلیت زندگی گزار رہے تھے ۔ امام ابن جوزیؒ زاد المسیر میں لکھتے ہیں ۔ کہ جاہلیت کی بے پردگی اور تبرّج کی توصیف میں سلف سے چھ (۶) اقوال منقول ہیں ۔

(۱) ۔ کہ عورت گھر سے نکل کر راستے میں مردوں کے درمیان چلتی تھی ۔تو یہ تبرّج ہوا ۔ یہ قول امام مجاہدؒ کا ہے ۔

(۲) ۔امام قتادہؒ فرماتے ہیں کہ ''تبرّج'' عورت کا ناز نخرے اور ٹوٹ پھوٹ کر چلنے کو کہتے ہیں۔

(۳) ۔ابن ابی نجیح فرماتے ہیں۔کہ ''تبرّج'' متکبرانہ چال چلنے کو کہتے ہیں۔

(۴) ۔امام کلبیؒ فرماتے ہیں۔کہ عورت موتیوں سے ایک ذرہ بنا کر پہن لیتی تھی۔ پھر راستے کے وسط میں چلتی تھی۔اور اسکے بدن پر اسکے علاوہ کوئی چیز نہیں ہوتی تھی۔ اور یہ ابراہیمؑ کے زمانے میں ہوتا تھا۔

(۵) ۔امام مقاتل فرماتے ہیں۔کہ عورت اپنے دوپٹے کو اپنے سر سے سرک کر بغیر باندھے چھوڑ دیتی تھی۔تو اسکی بالیاں اور ہار نظر آتے تھے۔

(۶) ۔امام فراء کہتے ہیں۔کہ عورت کافی قیمتی کپڑے پہن لیتی تھی۔لیکن اپنے جسم کو نہ چھپاتی تھی۔

عجیب وغریب بات ہے۔کہ جس طرح تابعینؒ نے جاہلیت کی بے حیائی و بے پردگی کی تشریح کی ہے۔بالکل اسی طرح ہم بھی آجکل گلیوں،بازاروں،محلّوں اور تجارت کی جگہوں اور وسائل نقل وحمل نشریات (چاہے وہ سننے سے یا دیکھنے سے تعلق رکھتے ہو ) میں وہی جاہلیت کا عالم دیکھتے ہیں۔

بلکہ ان فواحش و بے حیائی اور ذلیل و بے ہودہ کاموں کیلئے ایسے قوانین بنا دئے گئے ہیں۔جو انکی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔اور اسکے علاوہ نیک و پاک باز عورتوں کے ساتھ استہزاء اور انکا مزاق اڑایا جاتا ہے۔اور انھیں قدامت پرستی،غیر

ترقی یافتہ عورتوں جیسے اوصاف سے یاد کیا جاتا ہے۔ اور انکے متضاد تنگی اور بے پردہ عورتوں کو ترقی یافتہ اور جدید دور کا مقابلہ کرنیوالی جیسے اوصاف سے یاد کیا جاتا ہے۔

شاعر نے کیا خوب فرمایا ہے۔ کہ جب دین کو ترک کر دینا ترقی ٹھرے۔ تو اے کاش!! مجھے اس ترقی یافتہ دور کے آنے سے پہلے موت آجائے۔

## (۳) جاہلیت کی غیرت وحمیت

جاہلیت کی غیرت وحمیت جیسے آج کل کے قوم پرست لوگ جو دوستی اور دشمنی کا معیار قومیت ہی کو سمجھتے ہیں۔ اور اسی کو کسی ملک کے تحفظ کا ضامن سمجھتے ہیں۔ اور اس کی بنیاد پر خون خرابہ کرتے ہیں۔ سید قطبؒ ظلال میں لکھتے ہیں۔ کہ جاہلیت کی حمیت، قومیت وتعصب کا نعرہ، ظلم اور گناہ میں تعاون اور باطل میں نصرت جاہلیت کے دور کا شیوہ تھا۔ اور ظاہر بات ہے۔ کہ جس جگہ پر اللہ تعالیٰ کی شریعت اور فطرت نہ ہو۔ وہاں ایسا ہی ہوگا۔ جیسے جاہلیت کے دور کے شعراء یہ گن گاتے تھے۔ کہ تو اپنے بھائی کی مدد کر چاہے، وہ ظالم ہو یا مظلوم۔ اور یہ کہ میں تو لڑتا ہی رہوں گا۔ اگر بات حق کی ہو یا ناحق ہو۔ تو آج کل یہ مصیبت تمام لوگوں پر مسلط ہے کہ لوگ دوستی اور دشمنی کا معیار قوم قبیلے یا زبان کو سمجھتے ہیں جس طرح عرب قومیت، تو انہوں نے مسلمان، مرتد، کافر، یہودی، عیسائی، مجوسی، لادینی یہاں تک کہ شیطان اور بتوں کے عبادت گزاروں کو ایک ہی پلڑے میں ڈال دیا ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ اور اسلام کا کوئی حصہ نہیں۔ ہم نبی اکرم ﷺ کی تاریخ کو نقل کرتے ہیں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے

ہمیں واشگاف الفاظ میں یہ حکم دیا ہے کہ تمہاری دوستی اور دشمنی کا معیار خالص شرعی بنیاد پر ہو۔ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ قریش کے کچھ سردار ابو طالب کے ہاں گئے۔ اور ان کو کہا کہ تمہارے بھتیجے نے ہمارا سب کچھ خاک میں ملا دیا۔ تو اس سے براءت کر لے۔ اور یا اسے خود سمجھا دے۔ اور اسی طرح صحابہ کرامؓ کی سیرت میں بھی ایسے واقعات ہیں۔ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں۔ کہ بدر کے دن مصعب ابن عمیرؓ نے اپنے مشرک بھائی ابوعزیز کی طرف اشارہ کر کے صحابہ کرامؓ کو فرمایا۔ کہ اس کو پکڑو۔ اس کی والدہ مالدار ہیں۔ اور وہ زیادہ فدیہ ادا کرے گی۔ تو ابوعزیز نے کہا کہ کیا میں تمہارا بھائی نہیں ہوں۔ تو مصعب ابن عمیرؓ نے فرمایا کہ نہیں میرے بھائی تو یہ دوسرے صحابہ کرامؓ ہیں۔

صاحب روض الأنف لکھتے ہیں۔ کہ اسلام نے جاہلیت کے تمام قوم پرستانہ خیالات کو ختم کر ڈالا۔ اور اسی طرح غزوہ مریسع کے دن بھی جب ایک شخص نے مہاجرین اور دوسرے نے انصار کو بلایا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے ان پر سخت نکیر فرمائی۔ اور ان کو قوم پرستانے اور متعصبانہ کلمات بولنے سے منع فرمایا۔ اور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کے جس شخص نے جاہلیت کے دعوؤں کا اعادہ کیا تو اسکے باپ کے شرم گاہ کو پکڑ کر اسکے دعوے کو کھلم کھلا رد کر دیا جائے اور اس بارے میں کوئی خیال نہ رکھا جائے۔ اور ابوموسیٰ اشعریؓ نے ایک شخص کو تعصب کا نعرہ لگانے پر پچاس درے لگائے۔ اور فرمایا کہ ہم تو حضرت عمرؓ کے اقوال پر عمل کریں گے۔ کیونکہ ہم مسلمان اللہ تعالی کے بندے اور سب ایک ہی جماعت کے اور بھائی بھائی ہیں۔

امام ماوردی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں ۔

اذ جعل الذین کفروا فی قلوبھم الحمیة حمیة الجاھلیة ۔

ترجمہ ۔ جبکہ کافروں نے اپنے دل میں سخت جوش پیدا کیا تھا ۔ جو جہالت کا جوش تھا ۔

یعنی قریش وہ لوگ اپنے بتوں اور خداؤں کی عبادت کرتے تھے ۔ اور یہ تعصب اور تکبر کرتے تھے ۔ کہ ہم ایک اللہ تعالی کی عبادت نہیں کریں گے ۔ اور دوسری بات کہ وہ نبی اکرم ﷺ کو نبی نہیں مانتے تھے ۔ اور بسم اللہ سے نبی اکرم ﷺ کے کسی کام کے ابتداء کو برا سمجھتے تھے ۔ اور عبادت کیلئے مکہ میں داخل ہونے سے بھی منع کرتے تھے ۔ اور بغیر دلیل کے اپنے آباؤ اجداد کی تابعداری کرتے تھے ۔ جس طرح اللہ تعالی کا ارشاد ہے ۔

انا وجدنا آبائنا علی أمة و انا علی آثارھم مقتدون ۔

ترجمہ ۔ کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا ۔ اور ہم انہیں کے پیروکار ہیں ۔

امام آلوسیؒ ( جاہلیت کی حمیت ) کے بارے میں لکھتے ہیں ۔ کہ یہ تکبر اور اسلام میں داخل ہونے کو شرم و عار سمجھتے تھے ۔ امام راغبؒ کہتے ہیں ۔ کہ جاہلیت کی حمیت بغیر دلیل کے اتباع کو کہتے ہیں ۔ اور امام بیضاویؒ اس حمیت کو حق سے منع کرنے کا ذریعہ کہتے ہیں ۔

## تیسری فصل

### تمام اجنبی لوگ راہ حق کی مصیبتوں اور آزمائشات میں ایک ہی جیسے ہونگے۔

تو اہل ایمان کو خوب معلوم ہے۔ کہ راہ حق میں بے شمار مشقتوں اور مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اور اس دور کے طواغیت ان پر ہر قسم کا جبر وتشدد روا رکھیں گے۔ اور ان مٹھی بھر حق پرست جماعت کو اپنے رب کے وعدوں اور نصرت پر بھرپور اعتماد ہے۔ اور وہ جاہلیت وکفر کے ہر رسم سے براءت کا اعلان کرتے ہیں۔ اور انہیں یہ خوب معلوم ہے۔ کہ راہ حق میں انہیں بھوک، خوف، فقر، جیل اور قتل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ جس طرح پہلے زمانے کے حق پرستوں کے ساتھ ہوا۔ جس طرح اللہ تعالی کا ارشاد ہے۔

و لنبلونکم بشیء من الخوف و الجوع و نقص من الأموال و الأنفس و الثمرات و بشر الصابرین ۔

ترجمہ۔ اور البتہ ہم آزمائیں گے تم کو ڈر سے اور بھوک سے اور مالوں، جانوں اور میووں کے نقصانات سے۔ اور خوشخبری دے ان صبر کرنے والوں کو۔

امام ابن جریرؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔ کہ یہ دنیا امتحان کی جگہ ہے۔ اور انبیاء اور ان کے متبعین پر بہت سی آزمائشیں آئیں گی۔ جس طرح اللہ تعالی کا ارشاد ہے۔

مسّتھم البأساء و الضرّاء و زلزلوا ۔

ترجمہ۔ پہنچی ان کو سختی اور تکلیف اور جھنجھوڑائے گئے۔

اورتم پر دشمن کا خوف طاری ہوگا۔تم پر قحط آئے گی۔دشمن سے تمہاری جنگ ہوگی۔جس سے تمہارے لوگ شہید اور قتل ہونگے۔اور تمہارے اموال تباہ ہوجائینگے۔اور اللہ تعالی اس دوران تم میں سے مؤمنین اور منافقین جدا کرلے گا۔سید قطب شہیدؒ لکھتے ہیں۔کہ جس عقیدے اور جس نظریے پر انسان محنت کرلیتا ہے۔اور اس کے راستے میں تکلیفیں برداشت کرلیتا ہے۔اسے اس عقیدے کی قدر و منزلت کا احساس ہوجاتا ہے۔اور اہل ایمان اپنے عقیدے کیلئے ایسی قربانیاں دیتے ہیں۔کہ باطل پرست لوگ بھی حق کی طرف لوٹنا شروع ہوجاتے ہیں۔کیونکہ وہ سمجھ جاتے ہیں۔کہ اہل ایمان کا عقیدہ واقعی قیمتی ہے۔اگر یہ قیمتی نہ ہوتا۔تو اہل ایمان اس کیلئے ایسی قربانیاں کیسے دیتے۔اور اس وقت میں تمام شیطانی اوہام و خیالات ختم ہوجاتے ہیں۔اور اللہ تعالی کا دین اور صحیح عقیدہ باقی رہ جاتا ہے۔

**معاشرے میں اجنبی لوگ اور اہل ایمان ملامت اور جلاوطنی کا شکار ہوں گے۔**

اہل ایمان اجنبی لوگ اپنے قبیلے، گھر اور معاشرے میں بھی ملامت اور لوگوں کے طعن و تشنیع کا شکار ہوجاتے ہیں۔امام ابوالفراج ابن رجب حنبلیؒ کہتے ہیں کہ جس طرح مسند احمد میں ہے۔کہ عبادہ ابن صامتؓ نے فرمایا۔کہ ایک ایسا وقت آئے گا۔کہ نبی اکرم ﷺ کے صحابہ کرامؓ کی کوئی قدر نہیں کی جائیگی۔یعنی جنہوں نے نبی اکرم ﷺ سے قرآن و شریعت سیکھی ہوگی وہ لوگوں کے درمیان مردہ گدھے کے

سر کی قیمت سے بھی کم قدرومنزلت والا ہوگا۔ اور ابن مسعودؓ نے فرمایا۔ کہ ایسا زمانہ آئے گا۔ کہ مؤمن تمام دنیا میں ذلیل شمار کیا جائے گا۔ اور اہل فساد اور اہل شبہات اور شھوات اس کو ہر قسم کی تکلیفیں دیتے رہیں گے۔ اور یہ تو ظاہر ہے۔ کہ مؤمن کیسے کفر و شرک وشھوات میں گھل جائے گا۔ سید قطبؒ لکھتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

و ما كان جواب قومه الا أن قالوا أخرجوهم من قريتكم انهم أناس يتطهرون ۔

ترجمہ۔ اور کچھ جواب نہ دیا۔ اس کی قوم نے مگر یہی کہا۔ کہ نکالو ان کو اپنے شہر سے یہ لوگ بہت ہی پاک رہنا چاہتے ہیں۔

